© rasailojaraid.com

## مشن

# 1989ء تا 1991ء میں عالمگیر عیسائی مشن کا فروغ

انٹرنیشنل بلیٹن آف مشنری ریسرچ نے حال ہی میں ڈیوڈ بیرٹ کی ایک رپورٹ شائع کی ہے جس میں عالمی مشن کے بارے میں تازہ ترین اعداد و شمار دیے گئے ہیں۔ ہم یہ اعداد و شمار، جن سے عیسائی مشن کے فروغ کے مجموعی رجحان کا پتہ چلتا ہے، 1989ء اور 1990ء کے تقابلی اعداد و شمار کے ساتھ ذیل میں پیش کرتے ہیں۔

| | 1989ء | 1990ء | 1991ء |
|---|---|---|---|
| عیسائی آبادی | 1,72,16,55,700 | 1,75,87,77,900 | 1,79,59,00,000 |
| مسلم آبادی | 90,82,61,000 | 93,48,42,000 | 96,14,23,280 |
| عالمی آبادی میں عیسائیوں کا تناسب | %33ء1 | %33ء2 | %33ء3 |
| عیسائی تنظیمیں اور خدماتی ایجنسیاں | 20,700 | 21,000 | 21,300 |
| غیر ملکی مشن بھیجنے والی ایجنسیاں | 3,880 | 3,970 | 4,050 |
| ادارے | 98,700 | 99,200 | 99,580 |
| چرچ ممبروں کی ذاتی سالانہ آمدنی (امریکی ڈالروں میں) | 8576 ارب | 8950 ارب | 9320 ارب |
| عیسائی مقاصد کے لیے دی گئی رقوم | 151 ارب | 157 ارب | 163 ارب |
| عالمگیر غیر ملکی مشنوں کی آمدنی | 18 ارب 30 کروڑ | 18 ارب 60 کروڑ | 18 ارب 90 کروڑ |
| عیسائیوں کے استعمال میں کمپیوٹر | 4,55,00,000 | 5,40,00,000 | 8,26,00,000 |
| سالانہ نئی کتابیں (جو تجارتی پیمانے پر فروخت ہوتی ہیں۔) | 22,100 | 22,400 | 22,600 |
| نئی کتابیں (بشمول دینی و تبلیغی کتب) | 64,700 | 65,600 | 66,500 |
| عیسائی جرائد | 22,700 | 23,800 | 24,900 |
| تبلیغ کے موضوع پر سالانہ نئی کتابیں/مقالات | 10,500 | 11,000 | 11,500 |
| بائبل کی سالانہ تقسیم | 4,95,51,000 | 5,14,10,000 | 5,32,69,000 |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| عہد نامۂ جدید کی سالانہ تقسیم | 7,35,52,000 | 7,68,65,000 | 8,01,78,000 |
| عیسائی ریڈیو/ٹی وی اسٹیشن | 1,900 | 2,160 | 2,340 |
| سامعین و ناظرین کی ماہانہ تعداد | 43,70,45,000 | 45,18,59,400 | 1,44,76,58,000 |
| غیر تبلیغ شدہ آبادی | 1,27,39,30,000 | 1,25,25,57,000 | 1,23,11,83,000 |
| دنیا کی کل آبادی میں غیر تبلیغ شدہ آبادی کا تناسب | %24ء5 | %23ء6 | %22ء9 |

## افریقہ

### "مالی میں فولانی پناہ گزینوں کے لیے اب مشنوں کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔"

[مندرجہ ذیل مضمون، جسے ہم من و عن پیش کر رہے ہیں، (Pulse) کے ایک حالیہ شمارے میں شائع ہوا ہے۔ یہ مضمون مغربی افریقہ میں کام کرنے والے ایک مشنری نے این۔ جے السروح کے قلمی نام سے لکھا ہے۔]

مغربی افریقہ میں سیاسی عدمِ استحکام نے مشنری مبلّغوں کو بے نظیر موقع فراہم کیا ہے کہ اپنے قول اور عمل دونوں سے موریطانیہ کے ہزاروں مسلم فولانی خانہ بدوشوں کے سامنے یسوع کی تعلیمات پیش کریں۔

یہ 1989ء کے اوائل کی بات ہے جب سینیگال اور موریطانیہ کی سرحدوں پر واقع چھوٹے چھوٹے قصبوں میں مویشیوں کی چوری اور فائرنگ کے واقعات رونما ہوئے۔ یہ واقعات بڑھتے بڑھتے دونوں ملکوں کے دارالحکومتوں ۔ ڈاکر اور نواح کشط میں فسادات پر منتج ہوئے اور دونوں ممالک کی حکومتوں نے ایک دوسرے کے شہریوں کو اپنے ہاں سے نکال دیا۔ موریطانیہ ایک اسلامی جمہوریہ ہے اور اس وقت یہاں ایک سفید فام اقلیت حکمران ہے جو قریب کے سیاہ فام افریقی ملکوں کے بجائے ہمسایہ عرب ملکوں کے ساتھ اپنے تشخص کو زیادہ ترجیح دیتی ہے۔ فسادات سے موریطانیہ کو موقع ملا ہے کہ وہ اپنے سیاہ فام شہریوں کو بھی ملک سے نکال باہر کرے جن کی تعداد سفید فام موروں اور ان کے سابقہ غلام سیاہ فام موروں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔



© rasailojaraid.com